مسافر کو رخصت کرنے کی دعا

۱- ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سفر کرنا چاہے اس کو اپنے پسماندگان کو یہ کہکر رخصت کرنا چاہیے:

"أَسْتَوْدِعُكُمُ اللَّهَ الَّذِي لَا يُضِيعُ وَدَائِعُهُ "

"میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کو سپرد کی ہوئی کوئی چیز ضائع نہیں ہوتی"۔(احمد وابن ماجہ)

۲- سالم کہتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ جب کسی شخص کو رخصت کرتے تو فرماتے: " آؤ میں تمہیں ویسے ہی رخصت کروں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو رخصت کرتے تھے آپ فرماتے:

«أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ»

"میں تمہارے دین اور تمہای امانت اور تمہارے خاتمہ اعمال کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں"۔(ترمذی)

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو رخصت کرتے تو اس کا ہاتھ پکڑ لیتے اور جب تک وہ مسافر آپ کا ہاتھ نہ چھوڑتا آپ ہاتھ پکڑے رہتے۔

۳- حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں، آپ مجھے مزید نصیحت فرمایئے آپ نے فرمایا «زَوَّدَكَ اللَّهُ التَّقْوَى» اس نے کہا مزید ارشاد ہو آپ نے فرمایا«وَغَفَرَ ذَنْبَكَ» اس نے کہا مزید ارشاد ہو آپ نے فرمایا«وَيَسَّرَ لَكَ الخَيْرَ حَيْثُمَا كُنْتَ»

پوری دعا یوں ہے

«زَوَّدَكَ اللَّهُ التَّقْوَى ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ ، وَيَسَّرَ لَكَ الخَيْرَ حَيْثُمَا كُنْتَ»

" اللہ تمہیں تقوی کا زاد سفر عطا کرے اور تمہارے گناہ بخش دے اور جہاں بھی تم ہو اللہ تمہارے لئے بھلائی کا راستہ آسان کرے"۔ (ترمذی)